2021/7/5 تک تازہ ترین

NYC Counsel to the Mayor

@NYCMayorCounsel

کپل لونگانی
میئر کے صلاح کار

الیکسس بلین
اعلی نائب صلاح کار

بِس چیو
چیف آف اسٹاف

کیتھرین کاکلن
نائب صلاح کار

ایونٹس سے متعلق اکثر پوچھے گئے سوالات [FAQ]

یہ FAQ کس قسم کی ایونٹس پر لاگو ہوتا ہے؟
یہ FAQ کسی گھرانے کے بیرون میں منعقد ہونے والے اندرون اور بیرون کی ان تمام ایونٹس پر لاگو ہوتا ہے جس میں 100 سے زیادہ حاضرین ہوں اور وہ غذا اور/یا مشروبات کی تیاری اور سروس میں شامل ہوں۔ مثال کے طور پر: شادی کے ولیمے، بے بی شاورز اور کانفرنسیں۔

کسی ایونٹ کا مقام یا فسیلیٹی کوئی ایونٹ کب منعقد کر سکتے ہیں؟
ایونٹس **5:00 بجے صبح سے 1:00 بجے رات تک غذا اور مشروب کی سروس چلا سکتی ہیں، مگر، آدھی رات کو ختم کر دینا لازم ہے۔** تمام حاضرین (بشمول عملہ) پر 1:00 بجے رات تک احاطوں سے باہر نکل جانا لازم ہے۔

کیا عملہ کاری سے متعلق کوئی تقاضا ہے؟
ریاستی اور مقامی رہنمائی کی تعمیل یقینی بنانے، بشمول گنجائش کو محدود کرنے، غیر ضروری مجمع کو روکنے، اور نقل و حرکت اور ٹریفک کا نظم کرنے کے لیے کافی عملہ ہونا ضروری ہے۔

کیا بذات خود اور کیٹرنگ والی ایونٹس پر گنجائش کی حدود لاگو ہیں؟
<u>جی ہاں۔</u> 7 مئی 2021 تک:

- اندرون میں منعقد ہونے والی ایونٹس لازماً **کسی مخصوص حصے کے لیے زیادہ سے زیادہ گنجائش کے 75% سے کم**[1] **یا 150 افراد** تک محدود ہوں، جن میں ملازمین اور ایونٹ کا عملہ شامل نہیں ہے۔
- بیرون میں منعقد ہونے والی ایونٹس **کسی مخصوص حصے کے لیے زیادہ سے زیادہ گنجائش کے 75% سےکم** یا 500 افراد تک محدود ہیں، جن میں ملازمین اور ایونٹ کا عملہ شامل نہیں ہے۔

اندرون میں ہونے والی ایونٹس کے لیے گنجائش کی حد کی مثال:

زیادہ سے زیادہ تصرف	75% زیادہ سے زیادہ۔ تصرف	ایونٹس کے لیے حد
1000	750	150
500	375	150
200	150	150
100	75	75

میرے مقام پر ایونٹس کی متعدد جگہیں ہیں۔ کیا میں ایک ہی وقت میں متعدد ایونٹس منعقد کر سکتا ہوں؟
<u>جی ہاں۔</u> مقامات ایک ہی وقت میں ایک سے زائد ایونٹس منعقد کر سکتے ہیں، تاوقتیکہ ہر ایونٹ علیحدہ ہو۔

- ہر ایونٹ ان احاطوں میں ایک مختلف حصے (جیسے، اندرون بہ مقابلہ بیرون کی جگہوں، علیحدہ کمرے) میں منعقد ہونا ضروری ہے۔
- ہم وقت ایونٹس حاضرین یا عمومی مقصد کا اشتراک نہیں کر سکتے ہیں۔
- علیحدہ ایونٹس کے حاضرین کو کسی جگہ یا کمرے کا اشتراک کرنا، ایک ہی وقت میں ایک ہی داخلی یا نکاسی دروازوں کا استعمال کرنا، یا بصورت دیگر ذاتی میل جول میں مشغول ہونا نہیں چاہیے۔
- آرام گاہ کی گنجائش محدود ہونی چاہیے تاکہ حاضرین کے مجمع سے بچا جائے، جنہیں آرام گاہوں کے اندر، اور ان کا انتظار کرنے کے دوران فیس کورنگز پہننا اور سماجی دوری برقرار رکھنا ضروری ہے۔

---

[1] جیسا کہ تصرف کے سرٹیفکیٹ کے ذریعے طے کیا گیا ہے۔ ایسے کاروباری ادارے جن کے پاس تصرف کا کوئی سرٹیفیکیٹ نہیں ہے انہیں زیادہ سے زیادہ تصرف کے تعین کے لیے NYC کے محکمۂ تعمیرات (Department of Buildings, DOB) کے بلیٹن ‎#2020-017 سے رجوع کرنا چاہیے۔

یہ اکثر پوچھے گئے سوالات [FAQ] تیار کیے گئے ہیں بذریعہ: ریبیکا بیساو، ایسوسی ایٹ کاؤنسل؛ کیون کیلی، سینئر ایسوسی ایٹ کاؤنسل؛ اور جوڈتھ لی، ایسوسی ایٹ کاؤنسل

اگر میرے مقام پر ایونٹ کی جگہ سے علیحدہ ڈائننگ ایریا والا ریستوران ہے تو کیا ہوگا؟
علیحدہ ڈائننگ ایریا ریستوران کے گاہکوں کی خدمت انجام دیتا رہ سکتا ہے تا وقتیکہ وہ ایونٹ کی جگہ(جگہوں) سے گھلیں ملیں نہیں اور اس سے علیحدہ ہوں۔

عملہ اور حاضرین پر فیس ماسک کب پہننا لازم ہے؟

- تمام ملازمین اور ایونٹ کے عملہ پر تمام اوقات میں فیس کورنگز پہننا لازم ہے سوائے کھانے یا پینے کے وقت (جیسے وقفے کے دوران)۔
- تمام حاضرین (عمر +2 سال) پر تب فیس کورنگ پہننا لازم ہے جب وہ بیٹھے ہوئے نہ ہوں (الّا یہ کہ طبی لحاظ سے اسے برداشت کرنے کے قابل نہ ہوں)۔ بیٹھ جانے کے بعد، کاروباری اداروں کو اسٹاف کے ساتھ بات چیت کرتے وقت یا بصورت دیگر جب کھا پی نہ رہے ہوں تو فیس کورنگ پہننے کے لیے گاہکوں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے مگر مطالبہ نہیں کرنا چاہیے۔
- ایونٹ میں پیشکش/خطاب کرنے والے حاضرین پیشکش/خطاب کرتے وقت اپنی فیس کورنگز ہٹا سکتے ہیں تاوقتیکہ وہ دوسروں سے 12 فٹ کی سماجی دوری قائم رکھیں یا کسی مناسب طبعی رکاوٹ کے ذریعے دوسرے حاضرین سے علیحدہ ہوں۔

میں ایک بذات خود یا کیٹرنگ والی ایونٹ منعقد کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے؟
ایونٹ منعقد کرنے کے منتظر مقام کے مالک یا ایونٹ کے منتظم پر ایونٹ کی تاریخ سے کم از کم 5 دن پہلے NYC کے محکمۂ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYC Department of Health and Mental Hygiene, DOHMH) کو مطلع کرنا لازم ہے۔ اطلاع یہاں فراہم کی جا سکتی ہے۔

کیا کوئی ایسی معلومات ہیں جو ایونٹ کے مقامات اور سہولیات پر حاضرین سے اکٹھا کرنا لازم ہے؟
جی ہاں۔ مقام کے مالکان یا ایونٹ کے منتظمین پر یہ یقینی بنانا لازم ہے کہ تما حاضرین پیشگی رجسٹریشن کروائیں (جیسے، مہمانوں کی ایک فہرست بنا کر)۔ حاضر ہونے والے ہر کسی پر ایونٹ میں سائن کرنا اور اپنا پورا نام، تاریخ پیدائش، پتہ، ای میل اور فون نمبر نیو یارک اسٹیٹ کی رابطہ کی ٹریسنگ کی کوششوں میں استعمال کے لیے فراہم کرنا لازم ہے۔ تفصیلات یہاں ہیں۔

کیا حاضرین کے لیے اسکریننگ کے کوئی تقاضے ہیں؟
جی ہاں۔ حاضرین پر صحت کی ایک اسکریننگ مکمل کرنا لازم ہے۔ انہیں ایونٹ شروع ہونے کے وقت سے 72 گھنٹوں کے اندر انتظامیہ برائے غذا اور دوا (Food and Drug Administration, FDA) سے منظور شدہ COVID جانچ بھی کروانا اور ایونٹ میں پہنچنے سے قبل یا پہنچنے پر فوراً جانچ کے منفی نتیجے کا ثبوت فراہم کرنا ضروری ہے۔ متبادل طور پر، حاضرین اس امر کا ثبوت فراہم کر سکتے ہیں کہ انہوں نے ایونٹ کی تاریخ سے کم از کم 14 دن پہلے COVID-19 کی اپنی ٹیکہ کاری مکمل کر لی۔ جو حاضرین یا تو جانچ کے منفی نتیجے کا ثبوت یا امیونائزیشن کا ثبوت فراہم کرنے سے قاصر ہوں انہیں ایونٹ میں داخلہ سے منع کر دینا ضروری ہے۔ تفصیلات یہاں ہیں۔

کیا عملہ کے لیے اسکریننگ کے کوئی تقاضے ہیں؟
جی ہاں۔ صحت کی لازمی اسکریننگز کروانے کے علاوہ، ملازمین اور ایونٹ کے عملہ پر ایونٹس سے پہلے COVID-19 کے مدنظر منفی جانچ پیش کرنا لازم ہے۔ اس کے علاوہ، ایونٹس کی میزبانی کرنے اور حاضرین کے ساتھ قریبی رابطے میں میل جول بنانے میں سرگرمی کے ساتھ شامل کسی بھی ملازم کی ہر دوسرے ہفتے جانچ کی جائے گی - یا وہ اس بات کا ثبوت دکھائیں کہ انہوں نے ایونٹ(س) کی تاریخ سے کم از کم 14 دن قبل COVID-19 کی ٹیکہ کاری کی اپنی سیریز مکمل کر لی ہے۔

عمومی حصوں میں مجمع کو روکنے کے لیے آپریٹرز کو کیا کرنا ضروری ہے؟

- گنجائش اور تصرف کی تعمیل یقینی بنانے کے لیے احاطے میں چاروں طرف دخول/خروج کے مقامات نامزد کریں۔
- بھیڑ پیدا ہونے سے روکنے کے لیے آرام گاہ کی گنجائش محدود کریں۔

سروس کی رہنمائی

ایونٹس کے لیے سماجی دوری بنانے کے تقاضے کیا ہیں؟

- حاضرین کو جمع نہیں ہونا چاہیے، سوائے اس کے کہ وہ اپنی نامزد میز پر بیٹھے ہوئے ہوں۔
- حاضرین پر اپنے قریبی فریق/گھرانے/فیملی سے باہر کے دیگر افراد سے کم از کم 6 فٹ (6 feet) کی دوری برقرار رکھنا لازم ہے۔
- حاضر ہونے والے ہر فرد کو ایک میز یا حصے میں نامزد ہونا ضروری ہے۔
- کھانے یا پینے کے دوران حاضرین کو اپنی نامزد میز پر بیٹھے رہنا ضروری ہے۔

کیا عملہ سے آراستہ بوفے کی اجازت ہے؟
جی ہاں، لیکن منتظمین کو چاہیے کہ رسائی کو منتشر کرنے پر غور کریں تاکہ لائن میں انتظار کرنے کے دوران حاضرین کو 6 فٹ کی سماجی دوری برقرار رکھنے میں سہولت ملے۔

کیا میں لائیو میوزک یا تفریح کر سکتا ہوں؟
جی ہاں، مگر، لائیو میوزک پرفارمرز اور دیگر انٹرٹینرز—خاص طور پر جو ماسک نہیں پہنے ہیں یا ہوا والے باجے بجا رہے ہیں—پر یا تو 12 فٹ یامناسب طبعی دوری کے ذریعے حاضرین سے علیحدہ رہنا لازم ہے۔

کام کی جگہ کے تقاضے

کیا مجھ سے اپنے کاروباری ادارے میں کسی نشان کو آویزاں کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے؟
جی ہاں۔ اسٹیبلشمنٹس سے ایسی علامتی تختی پوسٹ کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے جو افراد کو COVID کی حفاظتی احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی یاد دلائیں۔ مزید معلومات یہاں ہیں۔

اضافی وسائل

وہ اضافی وسائل کیا ہیں جن کی طرف میں رجوع کر سکتا ہوں؟

- [NYS] NYS DOH Interim Guidance for NYC Indoor Food محکمۂ صحت کی NYC انڈور فوڈ سروسز کے لیے عبوری رہنمائی]
- [SLA Guidance on Food Service w/Beverages [غذائی سروس w/مشروبات سے متعلق SLA کی رہنمائی]
- [COVID] SLA Guidance on COVID-Related Closing Times سے وابستہ بند کرنے کے اوقات سے متعلق SLA کی ہدایات]
- [NYC DOH Guidance for Businesses and Schools [کاروباروں اور اسکولوں کے لیے NYC DOH کی رہنمائی]